Roll No. ....................

Total No. of Questions: 16]

[Total No. of Printed Pages: 14

# 10thARNKD (W/Z) JKLUT-2025

# 1001-A

# URDU

**Time: 3 Hours]**

**[Maximum Marks: 80**

---

***Note:-* "Attempt any 68 Marks out of 80 Marks".**

Kashmir Student Alerts

## حصہ "الف"

سوال نمبر 1۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں دی گئی خالی جگہوں کو اسی عبارت سے چنے گئے مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔ 5

اکثر والدین بچوں میں جھوٹ بولنے کی عادات خود ڈالتے ہیں۔ اس لئے وہ بالغ ہو کر یہ عادات ساتھ رکھتے ہیں اور شعوری و غیر شعوری طور پر سمجھتے نہیں کہ وہ کس طرح اپنی زندگی کو تباہ و برباد کر رہے

ہیں۔ گھر پر اگر کوئی والد کو باہر سے بلاتا ہے تو والد بچے کے ذریعہ یہ پیغام دیتے ہیں کہ ''وہ گھر پر نہیں ہیں'' اس طریقہ سے بچہ اپنے والدین کی نقل اتارتا ہے اور وہ جھوٹ بولنے پر قادر ہوتا ہے۔ یہ حرکت بظاہر معمولی سی ہوتی ہے مگر دراصل یہ کتنا بدترین قصور ہے؟ اور کتنا بڑا گناہ ہے؟

**سوالات**

۱۔ بچے بالغ ہو کر یہ..........ساتھ رکھتے ہیں۔

۲۔ والد بچے کے ذریعہ یہ..........دیتے ہیں۔

۳۔ وہ کس طرح اپنی زندگی تباہ و..........کرتے ہیں؟

۴۔ بچہ اپنے والدین کی..........اتارتا ہے۔

۵۔ مگر دراصل یہ کتنا..........ہے۔

سوال نمبر 2۔ شعری جز کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چُن لیجئے۔ 5

نظّارۂ شفَق کی خوبی زوال میں تھی

Kashmir Student Alerts

چمکا کے اس پری کو تھوڑی سی زندگی دی

رنگیں کیا سحر کو، بانکی دلھن کی صورت

پہنا کے لال جوڑا شبنم کی آرسی دی

سایہ دیا شجر کو، پرواز دی ہوا کو

پانی کو دی روانی، موجوں کو بے کلی دی

Kashmir Student Alerts

## سوالات

۱۔ یہ شعری جز کس نظم سے اخذ کیا گیا ہے؟

۲۔ شفق کی خوبی کس میں ہے؟

(ا) طلوع میں (ب) زوال میں

(ج) شام میں (د) سحر میں

۳۔ دلہن کی طرح کس کو سجایا گیا ہے؟

(ا) رات کو (ب) دن کو

(ج) سحر کو (د) شام کو

۴۔ لال جوڑا پہنا کے دلہن کو کیا دیا گیا ہے؟

(ا) شبنم سی رنگت (ب) شبنم کی آرسی

(ج) شبنم سی مسکراہٹ (د) شبنم سی خوبصورتی

Kashmir Student Alerts

۵۔ شجر کو کیا دیا گیا؟

(ا) دھوپ (ب) سایہ

(ج) روانی (د) جوش

سوال نمبر3۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ 5

ایک ڈاکٹر کا قول ہے کہ تمباکو پینے کی مضر عادت ڈالنے سے اپنا گلا گھونٹ کر مر جانا بہتر ہے۔ تمباکو کا زہریلا اثر دانتوں کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔ تمباکو کو پینا فضول خرچی میں داخل ہے۔ کینسر جیسے مہلک مرض کا آغاز حقہ نوشی اور سگریٹ پینے کا انجام ہے۔ دیکھا گیا ہے کہ اکثر ہونہار اور اچھے لڑکے سگریٹ نوشی کی وجہ سے تباہ و برباد ہو جاتے ہیں۔

Kashmir Student Alerts

**سوالات**

ا۔ اپنا گلا گھونٹ کر مر جانا کس سے بہتر ہے؟

۲۔ تمباکو پینا کس میں داخل ہے؟

۳۔ کینسر جیسے مہلک مرض کا آغاز کس چیز کا انجام ہے؟

۴۔ تمباکو کا زہریلا اثر کس کو نقصان پہنچاتا ہے؟

۵۔ ہونہار اور اچھے لڑکے کس وجہ سے تباہ و برباد ہو جاتے ہیں؟

## حصہ "ب"

سوال نمبر 4۔(الف) درج ذیل الفاظ میں سے صرف تین کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ 3

ا۔ دودھ ۲۔ نفرت

۳۔ جہالت ۴۔ رومال

(ب) درج ذیل الفاظ میں صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ 2

ا۔ اسباق ۲۔ قلم

۳۔ تصویر ۴۔ باغات

Kashmir Student Alerts

سوال نمبر5۔ دیئے گئے حروف میں سے صرف دو کی تعریف مع مثال لکھئے۔ 2x2=4

ا۔ حروف تحسین ۲۔ حروف عطف

۳۔ حروف تردید ۴۔ حروف جزا

سوال نمبر6۔ ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔ 5

ا۔ ''دھوبی کپڑے دھوتا'' اس جملے میں دھوبی قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) فعل (ب) فاعل

(ج) مفعول (د) صفت

Kashmir Student Alerts

۲ ''فاطمہ ایک نیک لڑکی ہے'' اس جملے میں نیک قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) مفعول (ب) فاعل

(ج) صفت (د) ضمیر

۳۔ ''زبیدہ نے روٹی کھائی'' اس جملے میں روٹی قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) فعل (ب) فاعل

(ج) صفت (د) مفعول

۴۔ ''جاوید نے دو کلو دودھ لایا'' اس جملے میں دو کلو قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) فاعل (ب) مفعول

(ج) فعل (د) صفت مقداری

۵۔ ''مختار جوان ہے'' اس جملے میں جوان قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) صفت مقداری (ب) صفت

(ج) فاعل (د) مفعول

Kashmir Student Alerts

سوال نمبر 7۔ درج ذیل محاورات میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ 2

ا۔ پھونک پھونک کر قدم رکھنا

۲۔ خاک میں ملانا

۳۔ دم توڑنا

سوال نمبر 8۔ ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔ 4

فعلیہ ہے

مختار نے کتے کو مارا

فاعل مفعول

Kashmir Student Alerts

یا

انسان پانی کا بلبلہ ہے

## حصہ "ج"

سوال نمبر 9۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ 5

۱۔ خاکہ ۲۔ افسانہ

۳۔ قطعہ ۴۔ غزل

سوال نمبر 10۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔ 5

۱۔ عبرت ۲۔ خوشامد ۳۔ آسمان پھول اور لہو

سوال نمبر 11۔ اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔ 3x2=6

(۱)

ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے آگاہ

ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

Kashmir Student Alerts

یا

موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

(۲)

وہ کج روش نہ ملا راستے میں مجھ سے کبھی میر تقی میر

نہ سیدھی طرح سے ان نے مرا سلام لیا

یا

یہی بہت ہے کہ مجھ پر تری توجہ ہے

تری نگاہ کا انداز دوسرا ہی سہی

(۳)

Kashmir Student Alerts

دیکھ کر تشنہ لبی میری تعجب نہ کر

میں نے صحراؤں کو بخشے ہیں سمندر کتنے

یا

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ

کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

6 سوال نمبر 12۔ صرف دو سوالوں کے جوابات لکھئے۔

Kashmir Student Alerts

ا۔ مزاج دار بہو کو بے وقوف بنانے کے لئے حجن نے کیا کیا؟

۲۔ پنڈت چندر دھر کو اپنے پیشے کی عظمت کا احساس کب ہوا؟

۳۔ افسانہ آسمان پھول اور لہو میں لڑکے کی کونسی دعا اللہ نے قبول کی؟

سوال نمبر 13۔ کسی ایک ادیب یا شاعر کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔ 5

۱۔ نور شاہ ۲۔ سر سید احمد خاں

۳۔ شاد ۴۔ آتش

سوال نمبر 14۔ اپنے دوست کو دسویں جماعت کے امتحان میں کامیاب ہونے پر مبارکبادی کا خط لکھئے۔ 6

یا

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام اسکول کے کتب خانے کے لئے معیاری کتب خریدنے کے لئے درخواست لکھئے۔

Kashmir Student Alerts

سوال نمبر 15۔ کسی ایک عنوان پر دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ 8

۱۔ موبائل فون کے فوائد و نقصانات

۲۔ تعلیم نسواں

۳۔ صفائی کی اہمیت

۴۔ وقت کی پابندی

۳۔ صفائی کی اہمیت

۴۔ وقت کی پابندی

سوال نمبر 16۔ مختصر جواب لکھیے۔

۱۔ جس شعر میں شاعر اپنا تخلص لکھتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

۲۔ قصیدہ 'شہر آشوب' کس نے لکھا ہے؟

۳۔ اولوالعزمی کے کیا معنی ہیں؟

۴۔ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

۵۔ یٰسین بیگ کی کونسی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

۶۔ "بنی نوع انسان کا غم خوار آیا" کن کے لئے کہا گیا ہے؟

*****

Kashmir Student Alerts